# 13502 ـ موبائل فون میں موسیقی پر مشتمل ٹون حرام ہے

**سوال**

اس وقت بہت سے موبائل فونز میں موسیقی پر مشتمل ٹون پائی جاتی ہیں، تو کیا عام گھنٹی اور ٹون کی جگہ یہ موسیقی والی ٹون لگانی جائز ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

ٹیلی فون یا دوسرے آلات میں موسیقی پر مشتمل ٹون لگانی جائز نہیں، کیونکہ موسیقی سننا حرام ہے، جیسا کہ اس کی حرمت کتاب و سنت کے شرعی دلائل سے ثابت ہوتی ہے.

بلکہ اس کے بدلے عام گھنٹی اور ٹون استعمال کی جا سکتی ہے، اللہ تعالی ہی توفیق بخشنے والا ہے.

اللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل اور صحابہ کرام پر اپنی رحمتیں نازل فرمائے.